75. He said: "Did I not say to you that you would never be able to have patience with me."	۞ قَالَ اَلَمْ اَقُلْ لَّكَ اِنَّكَ لَنْ تَسْتَطِيْعَ مَعِيَ صَبْرًا ﴿٧٥﴾	اُنہوں نے کہا کیا نہیں کہا تھا مَیں نے آپ سے کہ یقیناً آپ نہیں کر سکیں گے میرے ساتھ رہ کر صبر؟ ﴿٧٥﴾
76. (Moses) said: "If I ask you about anything after this, then do not keep me in your company. You indeed have received an excuse from me."	قَالَ اِنْ سَاَلْتُكَ عَنْ شَيْءٍ بَعْدَهَا فَلَا تُصٰحِبْنِيْ ۚ قَدْ بَلَغْتَ مِنْ لَّدُنِّيْ عُذْرًا ﴿٧٦﴾	موسیٰؑ نے کہا اگر پُوچھوں مَیں آپ سے کوئی بات اس کے بعد تو نہ رکھیے گا مجھے اپنے ساتھ۔ یقیناً مِل گیا ہے آپ کو میری طرف سے عذر ﴿٧٦﴾
77. So they both proceeded until, when they came to the people of a town, they asked its people for food, but they refused to make them guests. And they found therein a wall that was about to collapse, so he set it up straight. (Moses) said: "If you had wished, you could have taken payment for it."	فَانْطَلَقَا ۫ حَتّٰٓى اِذَآ اَتَيَآ اَهْلَ قَرْيَةِ ِۨاسْتَطْعَمَآ اَهْلَهَا فَاَبَوْا اَنْ يُّضَيِّفُوْهُمَا فَوَجَدَا فِيْهَا جِدَارًا يُّرِيْدُ اَنْ يَّنْقَضَّ فَاَقَامَهٗ ۭ قَالَ لَوْ شِئْتَ لَتَّخَذْتَ عَلَيْهِ اَجْرًا ﴿٧٧﴾	پھر چل پڑے وہ دونوں حتّٰی کہ جب پہنچے وہ دونوں ایک بستی والوں کے پاس تو اُنہوں نے کھانا طلب کیا وہاں کے رہنے والوں سے تو انکار کر دیا اُنہوں نے اُنہیں مہمان بنانے سے پھر دیکھی اُنہوں نے وہاں ایک دیوار جو گرا چاہتی تھی تو اُس نے اُسے درست کر دیا۔ موسیٰؑ نے کہا اگر آپ چاہتے تو ضرور لے سکتے تھے اس کام پر اُجرت ﴿٧٧﴾

78. He said: "This is the parting between me and you. I will inform you of the interpretation of that over which you were unable to have patience."	قَالَ هٰذَا فِرَاقُ بَيْنِيْ وَ بَيْنِكَ ۚ سَاُنَبِّئُكَ بِتَاْوِيْلِ مَا لَمْ تَسْتَطِعْ عَّلَيْهِ صَبْرًا ﴿۷۸﴾	اُنہوں نے کہا اب جُدائی ہے میرے اور آپ کے درمیان۔ مَیں بتائے دیتا ہوں آپ کو حقیقت ان باتوں کی کہ نہ کرسکے آپ اُن پر صبر ﴿۷۸﴾
79. "As for the ship, it belonged to poor people working at the sea, so I intended to cause a defect in it, for there was a king behind them who was taking every ship by force."	اَمَّا السَّفِيْنَةُ فَكَانَتْ لِمَسٰكِيْنَ يَعْمَلُوْنَ فِى الْبَحْرِ فَاَرَدْتُّ اَنْ اَعِيْبَهَا وَكَانَ وَرَآءَهُمْ مَّلِكٌ يَّاْخُذُ كُلَّ سَفِيْنَةٍ غَصْبًا ﴿۷۹﴾	چنانچہ وہ کشتی سو تھی وہ چند مسکینوں کی جو مزدوری کیا کرتے تھے سمندر میں، مَیں نے چاہا کہ اسے عیب دار کردُوں کیونکہ ہے اُن کے آگے ایک بادشاہ جو چھین لیتا ہے ہر کشتی زبردستی ﴿۷۹﴾
80. "And as for the boy, his parents were believers and we feared lest he would oppress them by rebellion and disbelief."	وَاَمَّا الْغُلٰمُ فَكَانَ اَبَوٰهُ مُؤْمِنَيْنِ فَخَشِيْنَآ اَنْ يُّرْهِقَهُمَا طُغْيَانًا وَّكُفْرًا ﴿۸۰﴾	اور رہ گیا وہ لڑکا (جسے قتل کیا گیا تھا) تو تھے اس کے ماں باپ مومن سو ہمیں ڈر ہُوا کہ تنگ کرے گا اُنہیں اپنی سرکشی اور کفر سے ﴿۸۰﴾
81. "So we intended that their Lord should change for them one better than him in purity and nearer to mercy."	فَاَرَدْنَآ اَنْ يُّبْدِلَهُمَا رَبُّهُمَا خَيْرًا مِّنْهُ زَكٰوةً وَّاَقْرَبَ رُحْمًا ﴿۸۱﴾	سو ہم نے چاہا کہ بدلے میں دے اُن کو اُن کا رب (ایسی اولاد) جو بہتر ہو اس سے اخلاق میں اور زیادہ قریب ہو صلہ رحمی میں ﴿۸۱﴾

82. "And as for the wall, it belonged to two youths, orphans in the city, and there was beneath it a treasure for them, and their father had been righteous. So your Lord intended that they should reach to their full strength and should take out their treasure, as a mercy from your Lord. And I did not do this upon my own command. That is the interpretation of that for which you could not keep patience."	وَاَمَّا الْجِدَارُ فَكَانَ لِغُلٰمَيْنِ يَتِيْمَيْنِ فِي الْمَدِيْنَةِ وَكَانَ تَحْتَهٗ كَنْزٌ لَّهُمَا وَكَانَ اَبُوْهُمَا صَالِحًا ۚ فَاَرَادَ رَبُّكَ اَنْ يَّبْلُغَآ اَشُدَّهُمَا وَيَسْتَخْرِجَا كَنْزَهُمَا ۖ رَحْمَةً مِّنْ رَّبِّكَ ۚ وَمَا فَعَلْتُهٗ عَنْ اَمْرِيْ ۭ ذٰلِكَ تَاْوِيْلُ مَا لَمْ تَسْطِعْ عَّلَيْهِ صَبْرًا ۝۸۲	اور رہ گئی وہ دیوار سو تھی وہ دو بچوں کی جو یتیم تھے شہر میں اور تھا نیچے اس کے خزانہ اُن کا اور تھا اُن کا باپ ایک نیک آدمی۔ پس چاہا تمہارے رب نے کہ وہ جوان ہوں اور نکال لیں اپنا خزانہ۔ یہ مہربانی تھی آپ کے رب کی طرف سے اور نہیں کیا ہے میں نے یہ (جو کچھ کیا ہے) اپنے اختیار سے۔ یہ ہے حقیقت ان باتوں کی کہ نہ کر سکے آپ جن پر صبر ۝۸۲
83. And they ask you about Dhul-Qarneyn. Say: "I shall recite to you story about him."	وَيَسْـَٔلُوْنَكَ عَنْ ذِي الْقَرْنَيْنِ ۭ قُلْ سَاَتْلُوْا عَلَيْكُمْ مِّنْهُ ذِكْرًا ۝۸۳	اور پوچھتے ہیں یہ لوگ تم سے ذوالقرنین کے بارے میں کہو ابھی سناتا ہوں میں تمہیں اُن کا کچھ حال ۝۸۳
84. Indeed, We established him upon the earth, and We gave him the means of everything.	اِنَّا مَكَّنَّا لَهٗ فِي الْاَرْضِ وَاٰتَيْنٰهُ مِنْ كُلِّ شَيْءٍ سَبَبًا ۝۸۴	بے شک ہم نے اقتدار عطا کیا تھا اُسے زمین میں اور عطا کیے تھے اُسے ہم نے ہر قسم کے اسباب و وسائل ۝۸۴
85. So he followed a way.	فَاَتْبَعَ سَبَبًا ۝۸۵	چنانچہ اس نے مہیا کیا (ایک سفر کا) سامان ۝۸۵
86. Until, when he reached the setting place of the sun, he found it setting in a muddy spring, and he found near it a people. We said: "O Dhul-Qarneyn, either you punish (them) or adopt among them (a way of) kindness."	حَتّٰٓى اِذَا بَلَغَ مَغْرِبَ الشَّمْسِ وَجَدَهَا تَغْرُبُ فِيْ عَيْنٍ حَمِئَةٍ وَّوَجَدَ عِنْدَهَا قَوْمًا ۭ قُلْنَا يٰذَا الْقَرْنَيْنِ اِمَّآ اَنْ تُعَذِّبَ وَاِمَّآ اَنْ تَتَّخِذَ فِيْهِمْ حُسْنًا ۝۸۶	یہاں تک کہ جب پہنچا غروبِ آفتاب (کی حد) تک تو دیکھا سورج کو کہ غروب ہو رہا ہے سیاہ پانی کے چشمے میں اور ملی اُسے اس کے پاس ایک قوم۔ ہم نے کہا! اے ذوالقرنین! چاہو تو سزا دو تم انہیں اور اگر چاہو تو اختیار کر لو اُن کے بارے میں اچھا رویّہ ۝۸۶

87. He said: "As for him who does wrong, we shall punish him. Then he will be brought back to his Lord, so He will punish him with an awful punishment."	قَالَ اَمَّا مَنْ ظَلَمَ فَسَوْفَ نُعَذِّبُهٗ ثُمَّ يُرَدُّ اِلٰى رَبِّهٖ فَيُعَذِّبُهٗ عَذَابًا نُّكْرًا ﴿٨٧﴾
88. "And as for him who believes and does righteously, so his will be a goodly reward. And we shall speak to him gently about our command."	وَ اَمَّا مَنْ اٰمَنَ وَعَمِلَ صَالِحًا فَلَهٗ جَزَآءَ ِۨ الْحُسْنٰى ۚ وَسَنَقُوْلُ لَهٗ مِنْ اَمْرِنَا يُسْرًا ﴿٨٨﴾
89. Then he followed a way.	ثُمَّ اَتْبَعَ سَبَبًا ﴿٨٩﴾
90. Until, when he reached the rising place of the sun, he found it rising on a people for whom We had provided no shelter from it.	حَتّٰۤى اِذَا بَلَغَ مَطْلِعَ الشَّمْسِ وَجَدَهَا تَطْلُعُ عَلٰى قَوْمٍ لَّمْ نَجْعَلْ لَّهُمْ مِّنْ دُوْنِهَا سِتْرًا ﴿٩٠﴾
91. Thus (it was). And indeed, We had encompassed what he had in knowledge.	كَذٰلِكَ ؕ وَقَدْ اَحَطْنَا بِمَا لَدَيْهِ خُبْرًا ﴿٩١﴾
92. Then he followed a way.	ثُمَّ اَتْبَعَ سَبَبًا ﴿٩٢﴾
93. Until, when he reached between the two mountains, he found beside them a people who could scarcely understood a word.	حَتّٰۤى اِذَا بَلَغَ بَيْنَ السَّدَّيْنِ وَجَدَ مِنْ دُوْنِهِمَا قَوْمًا ۙ لَّا يَكَادُوْنَ يَفْقَهُوْنَ قَوْلًا ﴿٩٣﴾

اس نے کہا اچھا! جو ظلم کرے گا ان میں سے تو ضرور
ہم سزا دیں گے اُسے پھر وہ لوٹایا جائے گا اپنے رب کی طرف
اور وہ اُسے سخت عذاب دے گا ﴿٨٧﴾
لیکن جو کوئی ایمان لائے گا اور کرے گا نیک عمل
تو اس کے لیے ہے اچھی جزا اور ضرور کہیں گے ہم بھی
اس سے اپنے احکام کے سلسلے میں نرم (بات) ﴿٨٨﴾
پھر اس نے مہیا کیا (ایک اور سفر کا) سامان ﴿٨٩﴾
یہاں تک کہ جب پہنچا وہ طلوعِ آفتاب کے مقام پر
تو دیکھا اس نے کہ سُورج طلوع ہو رہا ہے ایک ایسی قوم پر
کہ نہیں مہیا کی ہے ہم نے اُن کے لیے
سُورج سے کوئی اوٹ ﴿٩٠﴾
یہ حال تھا اُن کا اور یقیناً
ہمیں معلوم تھا جو کچھ ذوالقرنین کے پاس تھا ﴿٩١﴾
پھر اُس نے مُہیا کیا (ایک اور سفر کا) سامان ﴿٩٢﴾
یہاں تک کہ جب پہنچا دو پہاڑوں کے درمیان تو ملی اُسے
پہاڑوں کے اِس طرف ایک قوم جو نہیں لگتی تھی
کہ سمجھے کوئی بات ﴿٩٣﴾


94. They said: "O Dhul-Qarneyn, indeed Gog and Magog are causing mischief in the land. Shall we then pay you a tribute in order that you might set between us and them a barrier."	قَالُوْا يٰذَا الْقَرْنَيْنِ اِنَّ يَاْجُوْجَ وَمَاْجُوْجَ مُفْسِدُوْنَ فِي الْاَرْضِ فَهَلْ نَجْعَلُ لَكَ خَرْجًا عَلٰٓى اَنْ تَجْعَلَ بَيْنَنَا وَبَيْنَهُمْ سَدًّا ﴿٩٤﴾	اُنھوں نے کہا: اے ذوالقرنین بے شک یاجوج اور ماجوج فساد مچاتے ہیں زمین میں تو کیا مہیا کریں ہم تمہارے لیے کچھ محصول اس غرض سے کہ بنا دو تم ہمارے اور اُن کے درمیان ایک بند ﴿٩٤﴾
95. He said: "That in which my Lord has established me is better. So help me with strength (of men), I will set between you and them a strong barrier."	قَالَ مَا مَكَّنِّيْ فِيْهِ رَبِّيْ خَيْرٌ فَاَعِيْنُوْنِيْ بِقُوَّةٍ اَجْعَلْ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَهُمْ رَدْمًا ﴿٩٥﴾	اس نے کہا جو کچھ عطا کر رکھا ہے مجھے اس سلسلہ میں میرے رب نے وہ زیادہ بہتر ہے البتہ مدد کرو تم میری قوت سے بنا دوں گا میں تمہارے اور اُن کے درمیان ایک مضبوط بند ﴿٩٥﴾
96. "Bring me sheets of iron." Until, when he had filled up (the gap) between the cliffs, he said: "Blow." Until, when he had made it a fire, he said: "Bring me that I may pour over it molten copper."	اٰتُوْنِيْ زُبَرَ الْحَدِيْدِ ۭ حَتّٰٓى اِذَا سَاوٰى بَيْنَ الصَّدَفَيْنِ قَالَ انْفُخُوْا ۭ حَتّٰٓى اِذَا جَعَلَهٗ نَارًا ۙ قَالَ اٰتُوْنِيْٓ اُفْرِغْ عَلَيْهِ قِطْرًا ﴿٩٦﴾	لادو تم مجھے ٹکڑے لوہے کے ۔ یہاں تک کہ جب پاٹ دیا اس نے اس خلا کو جو دو پہاڑوں کے درمیان تھی تو کہا دھونکو یہاں تک کہ جب کر دیا اُسے آگ کا انگارہ تو کہا لاؤ میرے پاس انڈیلوں گا میں اس کے اُوپر پگھلا ہُوا تانبا ﴿٩٦﴾
97. So they (Gog and Magog) were not able to surmount it, nor were they able to pierce it.	فَمَا اسْطَاعُوْٓا اَنْ يَّظْهَرُوْهُ وَمَا اسْتَطَاعُوْا لَهٗ نَقْبًا ﴿٩٧﴾	سو نہ اُن میں طاقت ہے کہ اس پر چڑھ سکیں اور نہ لگا سکیں گے اس میں نقب ﴿٩٧﴾
98. He said: "This is a mercy from my Lord. Then when the promise of my Lord shall come to pass, He shall make it into dust. And the promise of my Lord is true."	قَالَ هٰذَا رَحْمَةٌ مِّنْ رَّبِّيْ ۚ فَاِذَا جَاۗءَ وَعْدُ رَبِّيْ جَعَلَهٗ دَكَّاۗءَ ۚ وَكَانَ وَعْدُ رَبِّيْ حَقًّا ﴿٩٨﴾	کہا ذوالقرنین نے یہ مہربانی ہے میرے رب کی ۔ پھر جب آئے گا وعدہ میرے رب کا تو کر دے گا وہ اس کو ریزہ ریزہ اور ہے وعدہ میرے رب کا سچّا ﴿٩٨﴾

وَتَرَكْنَا بَعْضَهُمْ يَوْمَئِذٍ يَّمُوْجُ فِيْ بَعْضٍ وَّنُفِخَ فِي الصُّوْرِ فَجَمَعْنٰهُمْ جَمْعًا ﴿٩٩﴾	99. And We shall leave some of them, that day, to surge like waves on others, and the Trumpet will be blown. Then We shall gather them all together.
وَّعَرَضْنَا جَهَنَّمَ يَوْمَئِذٍ لِّلْكٰفِرِيْنَ عَرْضًا ﴿١٠٠﴾	100. And we shall present Hell that day to the disbelievers, plain to view.
الَّذِيْنَ كَانَتْ اَعْيُنُهُمْ فِيْ غِطَآءٍ عَنْ ذِكْرِيْ وَكَانُوْا لَا يَسْتَطِيْعُوْنَ سَمْعًا ﴿١٠١﴾	101. Those whose eyes had been within a cover from remembrance of Me, and who had not been able (even) to hear.
اَفَحَسِبَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اَنْ يَّتَّخِذُوْا عِبَادِيْ مِنْ دُوْنِيْٓ اَوْلِيَآءَ ۭ اِنَّآ اَعْتَدْنَا جَهَنَّمَ لِلْكٰفِرِيْنَ نُزُلًا ﴿١٠٢﴾	102. Do then those who disbelieve think that they can take My slaves instead of Me as protecting friends. Indeed, We have prepared Hell for the disbelievers as a lodging.
قُلْ هَلْ نُنَبِّئُكُمْ بِالْاَخْسَرِيْنَ اَعْمَالًا ﴿١٠٣﴾	103. Say: "Shall We inform you of the greatest losers in respect of (their) deeds."
اَلَّذِيْنَ ضَلَّ سَعْيُهُمْ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَهُمْ يَحْسَبُوْنَ اَنَّهُمْ يُحْسِنُوْنَ صُنْعًا ﴿١٠٤﴾	104. Those whose efforts have been wasted in the life of the world, and they think that they are doing good.

اور چھوڑ دیا ہم نے ان میں سے بعض کو
اس دن سے کہ وہ گتھم گتھا ہوتے رہیں بعض کے ساتھ
پھر پھونکا جائے گا صور سو جمع کریں گے ہم ان سب کو ایک ساتھ ﴿٩٩﴾
اور سامنے لائیں گے ہم جہنم کو اس دن
کافروں کے پوری طرح ﴿١٠٠﴾
وہ کافر کہ پڑا ہوا تھا اُن کی آنکھوں پر پردہ
میری نصیحت کی طرف سے اور تھے وہ ایسے
کہ نہ طاقت رکھتے تھے کچھ سننے کی ﴿١٠١﴾
کیا خیال کرتے ہیں یہ کافر لوگ کہ وہ بنالیں گے
میرے بندوں کو میرے سوا اپنا کارساز۔ یقیناً بنا رکھا ہے ہم نے
جہنم کو کافروں کے لیے سامانِ ضیافت ﴿١٠٢﴾
ان سے کہیے کیا خبر دیں ہم تمہیں
ان لوگوں کی جو سب سے زیادہ ناکام و نامراد ہیں اپنے اعمال کے لحاظ سے ﴿١٠٣﴾
وہ کہ ضائع ہو گئی اُن کی جدوجہد دُنیاوی زندگی کے کاموں میں
اور وہ سمجھتے رہے کہ وہ اچھے کام کر رہے ہیں ﴿١٠٤﴾

105. Those are they who disbelieve in the revelations of their Lord and in the meeting with Him. So worthless will be their deeds. Then We shall not assign to them any weight on the Day of Judgment.	أُولَٰئِكَ الَّذِينَ كَفَرُوا بِآيَاتِ رَبِّهِمْ وَلِقَائِهِ فَحَبِطَتْ أَعْمَالُهُمْ فَلَا نُقِيمُ لَهُمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَزْنًا ﴿١٠٥﴾
106. That is their recompense, Hell, because they disbelieved, and took My revelations and My messengers in ridicule.	ذَٰلِكَ جَزَاؤُهُمْ جَهَنَّمُ بِمَا كَفَرُوا وَاتَّخَذُوا آيَاتِي وَرُسُلِي هُزُوًا ﴿١٠٦﴾
107. Indeed, those who believe and do righteous deeds, theirs will be the Gardens of Paradise as a lodging.	إِنَّ الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ كَانَتْ لَهُمْ جَنَّاتُ الْفِرْدَوْسِ نُزُلًا ﴿١٠٧﴾
108. Wherein they will abide (forever), no desire will they have to be removed there from.	خَالِدِينَ فِيهَا لَا يَبْغُونَ عَنْهَا حِوَلًا ﴿١٠٨﴾
109. Say: "If the sea were ink for (writing) the words of my Lord, surely, the sea would be exhausted before that the words of my Lord would be finished, even if we brought (another sea) like it as aid."	قُل لَّوْ كَانَ الْبَحْرُ مِدَادًا لِّكَلِمَاتِ رَبِّي لَنَفِدَ الْبَحْرُ قَبْلَ أَن تَنفَدَ كَلِمَاتُ رَبِّي وَلَوْ جِئْنَا بِمِثْلِهِ مَدَدًا ﴿١٠٩﴾
110. Say: "I am only a man like you. It has been inspired to me that your god is only One God. So whoever is expecting for the meeting with his Lord, let him do righteous deed, and not associate anyone as a partner in the worship of his Lord."	قُلْ إِنَّمَا أَنَا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ يُوحَىٰ إِلَيَّ أَنَّمَا إِلَٰهُكُمْ إِلَٰهٌ وَاحِدٌ ۖ فَمَن كَانَ يَرْجُو لِقَاءَ رَبِّهِ فَلْيَعْمَلْ عَمَلًا صَالِحًا وَلَا يُشْرِكْ بِعِبَادَةِ رَبِّهِ أَحَدًا ﴿١١٠﴾

یہ وہ لوگ ہیں جنہوں نے جھٹلایا تھا
اپنے رب کی آیات کو اور اس کے حضور پیش ہونے کو
تو ضائع ہو گئے اُن کے اعمال چنانچہ نہ دیں گے ہم
ان (کے اعمال) کو روز قیامت کوئی وزن ﴿١٠٥﴾
یہ ہے بدلہ ان کا یعنی جہنم بسبب اُن کے کفر کے
اور اُڑایا تھا اُنہوں نے میری آیات اور رسُولوں کا مذاق ﴿١٠٦﴾
یقیناً وہ لوگ جو ایمان لائے اور کیے اُنہوں نے نیک کام
ہوگی اُن کی جنّت الفردوس میں مہمان نوازی ﴿١٠٧﴾
ہمیشہ رہیں گے وہ اس میں اور نہ چاہیں گے
اس سے نکلنا ﴿١٠٨﴾
کہہ دیجیے کہ اگر بن جائے سمندر روشنائی
میرے رب کی باتیں لکھنے کے لیے تو ضرور ختم ہو جائے
سمندر اس سے پہلے کہ ختم ہوں باتیں
میرے رب کی اور خواہ لے آئیں ہم
اتنی ہی اور روشنائی ﴿١٠٩﴾
کہہ دیجیے (اے نبیؐ) کہ درحقیقت میں بھی ایک بشر ہوں
تم ہی جیسا، وحی کی جاتی ہے میری طرف
یہ حقیقت کہ بس تمہارا معبود تو الٰہ واحد ہے
سو جو شخص ہے اُمیدوار اپنے رب سے ملاقات کا
اسے چاہیے کہ کرے کام اچھے
اور نہ شریک بنائے
اپنے رب کی عبادت میں کسی کو ﴿١١٠﴾



Maryam

In the name of Allah, Most Gracious, Most Merciful

1. Kaf. Ha. Ya. A'in. Sad.	كٓهٰيٰعٓصٓ ۝١	کاف۔ہا۔یا۔عین۔صاد ①
2. (This is) a mention of the mercy of your Lord to His slave Zachariah.	ذِكْرُ رَحْمَتِ رَبِّكَ عَبْدَهٗ زَكَرِيَّا ۝٢	ذکر ہے تیرے رب کی رحمت کا (جو اُس نے کی) اپنے بندے زکریا پر ②
3. When he called to his Lord, a call (supplication) in secret.	اِذْ نَادٰى رَبَّهٗ نِدَآءً خَفِيًّا ۝٣	جب اُس نے پکارا تھا اپنے رب کو چُپکے چُپکے ③
4. He said: "My Lord, indeed my bones have grown feeble and grey hair has spread on my head, and I have never been unblest in my supplication to You, my Lord."	قَالَ رَبِّ اِنِّيْ وَهَنَ الْعَظْمُ مِنِّيْ وَاشْتَعَلَ الرَّاْسُ شَيْبًا وَّلَمْ اَكُنْۢ بِدُعَآئِكَ رَبِّ شَقِيًّا ۝٤	اس نے عرض کیا تھا: اے میرے مالک! بے شک گھل گئی ہیں ہڈیاں میری اور بھڑک اُٹھا ہے میرا سر بڑھاپے کی سفیدی سے اور نہیں رہا میں تجھ سے دُعا مانگ کر اے میرے مالک کبھی نامراد ④
5. "And indeed, I fear my relatives after me. And my wife is barren. So give me from Yourself an heir."	وَاِنِّيْ خِفْتُ الْمَوَالِيَ مِنْ وَّرَآءِيْ وَكَانَتِ امْرَاَتِيْ عَاقِرًا فَهَبْ لِيْ مِنْ لَّدُنْكَ وَلِيًّا ۝٥	اور بے شک مجھے سخت ڈر ہے اپنے بھائی بندوں سے اپنے پیچھے اور ہے میری بیوی بانجھ سو عطا کر دے تو مجھے اپنے فضلِ خاص سے ایک بیٹا ⑤
6. "Who shall inherit me and inherit from the family of Jacob. And make him, my Lord, pleasing (to You)."	يَّرِثُنِيْ وَيَرِثُ مِنْ اٰلِ يَعْقُوْبَ ۖ وَاجْعَلْهُ رَبِّ رَضِيًّا ۝٦	جو وارث بنے میرا اور میراث پائے آلِ یعقوب سے اور بنا تو اُسے اے میرے مالک! پسندیدہ (انسان) ⑥

7. "O Zachariah, indeed We give you the good tidings of a son whose name will be John. We have not given to any (this) name before."	يٰزَكَرِيَّآ اِنَّا نُبَشِّرُكَ بِغُلٰمِ اسْمُهٗ يَحْيٰى ۙ لَمْ نَجْعَلْ لَّهٗ مِنْ قَبْلُ سَمِيًّا ۝٧	(ارشاد ہُوا) اے زکریا! یقیناً ہم بشارت دیتے ہیں تمہیں ایک لڑکے کی جس کا نام یحییٰ ہوگا، نہیں رکھا ہم نے یہ نام اس سے پہلے کسی کا ۝٧
8. He said: "My Lord, how will I have a son, and my wife has been barren, and I have reached extreme old age."	قَالَ رَبِّ اَنّٰى يَكُوْنُ لِيْ غُلٰمٌ وَّكَانَتِ امْرَاَتِيْ عَاقِرًا وَّقَدْ بَلَغْتُ مِنَ الْكِبَرِ عِتِيًّا ۝٨	عرض کیا: اے میرے مالک! کیونکر ہوگا میرے ہاں لڑکا جبکہ ہے میری بیوی بانجھ اور میں پہنچ گیا ہوں بڑھاپے میں انتہا کو ۝٨
9. He said: "So shall it be." Your Lord says: "That is easy for Me, and indeed I did create you before, and you were not anything."	قَالَ كَذٰلِكَ ۚ قَالَ رَبُّكَ هُوَ عَلَيَّ هَيِّنٌ وَّقَدْ خَلَقْتُكَ مِنْ قَبْلُ وَلَمْ تَكُ شَيْـًٔا ۝٩	ارشاد ہوا: ایسا ہی ہوگا، فرماتا ہے تیرا رب، یہ (پیدا کرنا) میرے لیے بہت آسان ہے۔ آخر پیدا کر چکا ہوں میں ہی تجھ کو بھی اس سے پہلے جبکہ نہ تھا تو کوئی چیز ۝٩
10. He said: "My Lord, appoint for me a sign." He said: "Your sign is that you shall not speak to people for three nights, (having) no bodily defect."	قَالَ رَبِّ اجْعَلْ لِّيْٓ اٰيَةً ۭ قَالَ اٰيَتُكَ اَلَّا تُكَلِّمَ النَّاسَ ثَلٰثَ لَيَالٍ سَوِيًّا ۝١٠	عرض کیا: اے میرے مالک! مقرر کر دے تو میرے لیے کوئی نشانی ارشاد ہُوا: تیرے لیے نشانی یہ ہے کہ نہ بات کر سکے گا تو لوگوں سے تین رات (دن) مسلسل ۝١٠
11. So he came out to his people from the sanctuary and by gestures directed them to glorify (Allah's) praises (in) the morning and the evening.	فَخَرَجَ عَلٰي قَوْمِهٖ مِنَ الْمِحْرَابِ فَاَوْحٰٓى اِلَيْهِمْ اَنْ سَبِّحُوْا بُكْرَةً وَّعَشِيًّا ۝١١	چنانچہ نکل کر آئے وہ اپنی قوم کے پاس حجرہ سے اور اشارے سے کہا انہیں کہ تسبیح کرتے رہو (اللہ کی) صبح و شام ۝١١
12. "O John, take the Book with might." And We gave him wisdom (while yet) a child.	يٰيَحْيٰى خُذِ الْكِتٰبَ بِقُوَّةٍ ۭ وَاٰتَيْنٰهُ الْحُكْمَ صَبِيًّا ۝١٢	(جب لڑکا پیدا ہو گیا تو ارشاد ہوا) اے یحییٰ! تھام لو ہماری کتاب کو مضبوطی سے۔ اور نوازا تھا ہم نے اُسے دانائی سے بچپن میں ہی ۝١٢

13. And compassion from Us, and purity. And he was righteous.	وَحَنَانًا مِّن لَّدُنَّا وَزَكٰوةً ۖ وَكَانَ تَقِيًّا ﴿١٣﴾
اور نرم دلی عطا کی تھی اپنی جنابِ خاص سے اور پاکیزگی بھی اور تھا وہ پرہیزگار ﴿١٣﴾	
14. And dutiful to his parents. And he was not arrogant, disobedient.	وَّبَرًّا بِوَالِدَيْهِ وَلَمْ يَكُنْ جَبَّارًا عَصِيًّا ﴿١٤﴾
اور حق شناس اپنے والدین کا اور نہ تھا سرکش، نافرمان ﴿١٤﴾	
15. And peace be upon him the day he was born, and the day he dies, and the day he shall be raised up to life (again).	وَسَلٰمٌ عَلَيْهِ يَوْمَ وُلِدَ وَيَوْمَ يَمُوْتُ وَيَوْمَ يُبْعَثُ حَيًّا ﴿١٥﴾
اور سلام یحییٰؑ پر جس دن وہ پیدا ہُوا اور جس دن مرے گا اور جس دن اُٹھایا جائے گا دوبارہ زندہ کرکے ﴿١٥﴾	
16. And mention in the Book, Mary. When she had withdrawn from her family to a place toward east.	وَاذْكُرْ فِي الْكِتٰبِ مَرْيَمَ ۘ اِذِ انْتَبَذَتْ مِنْ اَهْلِهَا مَكَانًا شَرْقِيًّا ﴿١٦﴾
اور بیان کرو حال اس کتاب میں مریم کا۔ جب کنارہ کش ہوکر وہ اپنے گھر والوں سے (معتکف ہوگئی) مشرقی گوشہ میں ﴿١٦﴾	
17. So she had chosen seclusion from them. Then We sent to her Our Spirit. So he appeared before her as a perfect man.	فَاتَّخَذَتْ مِنْ دُوْنِهِمْ حِجَابًا ۖ فَاَرْسَلْنَآ اِلَيْهَا رُوْحَنَا فَتَمَثَّلَ لَهَا بَشَرًا سَوِيًّا ﴿١٧﴾
اور لٹکا لیا اُن کی طرف پردہ تو بھیجا ہم نے اُس کی طرف اپنا فرشتہ اور نمودار ہُوا وہ بن کر اس کے سامنے ایک پُورا آدمی ﴿١٧﴾	
18. She said: "Indeed, I seek refuge in the Beneficent from you, if you should be fearing (Allah)."	قَالَتْ اِنِّيْٓ اَعُوْذُ بِالرَّحْمٰنِ مِنْكَ اِنْ كُنْتَ تَقِيًّا ﴿١٨﴾
کہا مریم نے بے شک میں پناہ لیتی ہُوں رحمٰن کی تجھ سے اگر ہے تو اللہ سے ڈرنے والا ﴿١٨﴾	
19. He said: "I am only a messenger from your Lord that I may bestow on you a pure son."	قَالَ اِنَّمَآ اَنَا رَسُوْلُ رَبِّكِ ۖ لِاَهَبَ لَكِ غُلٰمًا زَكِيًّا ﴿١٩﴾
اس نے کہا: حقیقت یہ ہے کہ مَیں بھیجا ہُوا ہوں تمہارے رب کا تاکہ عطا کروں تمہیں ایک پاکیزہ لڑکا ﴿١٩﴾	
20. She said: "How can I have a son, and no man has touched me, and I have not been unchaste."	قَالَتْ اَنّٰى يَكُوْنُ لِيْ غُلٰمٌ وَّلَمْ يَمْسَسْنِيْ بَشَرٌ وَّلَمْ اَكُ بَغِيًّا ﴿٢٠﴾
مریم نے کہا کیونکر ہوگا میرے ہاں لڑکا جبکہ نہیں چھُوا ہے مجھے کسی آدمی نے اور نہیں ہُوں میں بدکار ﴿٢٠﴾	

21. He said: "Thus shall it be." Your Lord says: "It is easy for Me. And that We may make of him a sign for mankind and a mercy from Us. And it is a matter decreed."	قَالَ كَذٰلِكِ ۚ قَالَ رَبُّكِ هُوَ عَلَيَّ هَيِّنٌ ۚ وَلِنَجْعَلَهٗٓ اٰيَةً لِّلنَّاسِ وَرَحْمَةً مِّنَّا ۚ وَكَانَ اَمْرًا مَّقْضِيًّا ﴿٢١﴾
22. So she conceived him, then she withdrew with him to a far place.	فَحَمَلَتْهُ فَانْتَبَذَتْ بِهٖ مَكَانًا قَصِيًّا ﴿٢٢﴾
23. Then the pains of childbirth drove her to the trunk of the palm tree. She said: "Oh, would that I had died before this and had become (a thing) forgotten, out of sight."	فَاَجَآءَهَا الْمَخَاضُ اِلٰى جِذْعِ النَّخْلَةِ ۚ قَالَتْ يٰلَيْتَنِيْ مِتُّ قَبْلَ هٰذَا وَكُنْتُ نَسْيًا مَّنْسِيًّا ﴿٢٣﴾
24. Then he (baby or angel) called her from below her. "Grieve not, your Lord has placed a brook beneath you."	فَنَادٰىهَا مِنْ تَحْتِهَآ اَلَّا تَحْزَنِيْ قَدْ جَعَلَ رَبُّكِ تَحْتَكِ سَرِيًّا ﴿٢٤﴾
25. "And shake toward you the trunk of the palm tree, it will drop fresh dates on you."	وَهُزِّيْٓ اِلَيْكِ بِجِذْعِ النَّخْلَةِ تُسٰقِطْ عَلَيْكِ رُطَبًا جَنِيًّا ﴿٢٥﴾
26. So eat and drink and keep cool (your) eyes. Then if you see of any person, say: "Indeed, I have vowed a fast to the Beneficent, so I shall not speak today to (any) man."	فَكُلِيْ وَاشْرَبِيْ وَقَرِّيْ عَيْنًا ۚ فَاِمَّا تَرَيِنَّ مِنَ الْبَشَرِ اَحَدًا ۙ فَقُوْلِيْٓ اِنِّيْ نَذَرْتُ لِلرَّحْمٰنِ صَوْمًا فَلَنْ اُكَلِّمَ الْيَوْمَ اِنْسِيًّا ﴿٢٦﴾

اس نے کہا ایسا ہی ہوگا، فرمایا ہے تمہارے رب نے کہ
"ایسا کرنا میرے لیے بہت آسان ہے
اور یہ اس لیے کریں گے کہ بنائیں ہم اسے ایک نشانی
انسانوں کے لیے اور رحمت اپنی طرف سے"
اور ہے یہ معاملہ طے شدہ ﴿٢١﴾
سو حاملہ ہوگئیں مریم اور چلی گئیں اسی حالت میں
ایک دُور دراز جگہ ﴿٢٢﴾
پھر لے گیا اُسے دردِ زہ ایک کھجور کے درخت کے نیچے
کہنے لگیں کاش میں مرجاتی اس سے پہلے ہی
اور ہوجاتی بے نام ونشان! ﴿٢٣﴾
پھر پکارا اُسے فرشتے نے نچلی جانب سے کہ غم نہ کرو
یقیناً رواں کردیا ہے تمہارے رب نے تمہارے نیچے ایک چشمہ ﴿٢٤﴾
اور ہلاؤ اپنی طرف کھجور کے تنے کو تو ٹپک پڑیں گی
تم پر کھجوریں، پکی ہُوئی ﴿٢٥﴾
پس کھاؤ اور پیو اور ٹھنڈی کرو اپنی آنکھیں
پھر اگر دیکھو تم آدمیوں میں سے کسی کو
تو (اشارے سے) کہہ دو کہ بیشک میں نے نذر مانی ہے
رحمٰن کے لیے (چُپ کے) روزے کی
سو ہرگز نہیں بات کروں گی میں آج کسی شخص سے ﴿٢٦﴾

27. Then she brought him to her people, carrying him. They said: "O Mary, indeed you have brought something hard to believe."	فَاَتَتْ بِهٖ قَوْمَهَا تَحْمِلُهٗ ؕ قَالُوْا يٰمَرْيَمُ لَقَدْ جِئْتِ شَيْـًٔا فَرِيًّا ﴿۲۷﴾
28. "O sister of Aaron, your father was not a man of evil, nor was your mother unchaste."	يٰۤاُخْتَ هٰرُوْنَ مَا كَانَ اَبُوْكِ امْرَاَ سَوْءٍ وَّمَا كَانَتْ اُمُّكِ بَغِيًّا ﴿۲۸﴾
29. So she pointed to him. They said: "How can we talk to one who is in the cradle, a child."	فَاَشَارَتْ اِلَيْهِ ؕ قَالُوْا كَيْفَ نُكَلِّمُ مَنْ كَانَ فِى الْمَهْدِ صَبِيًّا ﴿۲۹﴾
30. He (the child) said: "Indeed, I am a slave of Allah. He has given me the Book and has made me a prophet."	قَالَ اِنِّىْ عَبْدُ اللّٰهِ ۖ اٰتٰنِىَ الْكِتٰبَ وَجَعَلَنِىْ نَبِيًّا ﴿۳۰﴾
31. "And He has made me blessed wherever I may be, and He has enjoined upon me prayers and charity as long as I live."	وَّجَعَلَنِىْ مُبٰرَكًا اَيْنَ مَا كُنْتُ ۪ وَاَوْصٰنِىْ بِالصَّلٰوةِ وَالزَّكٰوةِ مَا دُمْتُ حَيًّا ﴿۳۱﴾
32. "And dutiful to my mother, and He has not made me arrogant, unblest."	وَّبَرًّا بِوَالِدَتِىْ ۫ وَلَمْ يَجْعَلْنِىْ جَبَّارًا شَقِيًّا ﴿۳۲﴾
33. "And peace be upon me the day I was born, and the day I die, and the day I shall be raised alive."	وَالسَّلٰمُ عَلَىَّ يَوْمَ وُلِدْتُّ وَيَوْمَ اَمُوْتُ وَيَوْمَ اُبْعَثُ حَيًّا ﴿۳۳﴾
34. Such is Jesus, son of Mary. (This is) a statement of truth about which they are in doubt.	ذٰلِكَ عِيْسَى ابْنُ مَرْيَمَ ۚ قَوْلَ الْحَقِّ الَّذِىْ فِيْهِ يَمْتَرُوْنَ ﴿۳۴﴾

پھر لائی وہ اس (بچّہ) کو اپنی قوم کے پاس گود میں اُٹھائے ہوئے
وہ کہنے لگے: اے مریم!
تم نے تو کر ڈالا ہے بڑا پاپ ﴿۲۷﴾
اے ہارون کی بہن! نہ تھا تیرا باپ بُرا آدمی
اور نہ تھی تمہاری ماں بدکار ﴿۲۸﴾
پس اشارہ کیا مریم نے بچّہ کی طرف۔ وہ کہنے لگے کیسے
بات کریں ہم اس سے جو ہے گود میں ایک چھوٹا سا بچّہ؟ ﴿۲۹﴾
(اس وقت وہ بچّہ) بول اُٹھا: بے شک میں بندہ ہوں اللہ کا
عطا کی ہے اُس نے مجھے کتاب اور بنایا ہے مجھے نبی ﴿۳۰﴾
اور کیا ہے اس نے مجھے برکت والا جہاں بھی میں ہوں
اور حکم دیا ہے اس نے مجھے نماز کا اور زکوٰۃ کا
جب تک رہوں میں زندہ ﴿۳۱﴾
اور حق شناس رہوں اپنی والدہ کا اور نہیں بنایا اُس نے مجھے
سرکش اور بدبخت ﴿۳۲﴾
اور سلام ہے مجھ پر جس دن پیدا ہُوا میں
اور جس دن مروں گا اور جس دن
اُٹھایا جاؤں گا میں زندہ کر کے ﴿۳۳﴾
یہ ہیں عیسیٰؑ ابن مریم (اور یہ ہے وہ) سچّی بات
جس کے بارے میں جھگڑتے ہیں یہ لوگ ﴿۳۴﴾

35. It befits not for Allah that He should take anyone as a son. Glory be to Him. When He decrees a matter, He only says to it, "Be" And it is.	مَا كَانَ لِلّٰهِ اَنْ يَّتَّخِذَ مِنْ وَّلَدٍ ۙ سُبْحٰنَهٗ ؕ اِذَا قَضٰٓى اَمْرًا فَاِنَّمَا يَقُوْلُ لَهٗ كُنْ فَيَكُوْنُ ﴿۳۵﴾	نہیں ہے اللہ کے شایانِ شان کہ بنائے کسی کو بیٹا، پاک ہے اُس کی ذات۔ جب فیصلہ کرلیتا ہے کسی کام کا تو بس حکم دیتا ہے اُسے کہ ہوجا اور وہ ہو جاتا ہے ﴿۳۵﴾
36. "And indeed, Allah is my Lord and your Lord, so worship Him. That is the straight path."	وَاِنَّ اللّٰهَ رَبِّيْ وَرَبُّكُمْ فَاعْبُدُوْهُ ؕ هٰذَا صِرَاطٌ مُّسْتَقِيْمٌ ﴿۳۶﴾	اور بے شک اللہ ہی میرا بھی رب ہے اور تمہارا بھی رب ہے سو اُسی کی عبادت کرو۔ یہی ہے راہ سیدھی ﴿۳۶﴾
37. Then the factions have differed among themselves. So a dreadful woe for those who disbelieved, from the meeting of a tremendous Day.	فَاخْتَلَفَ الْاَحْزَابُ مِنْۢ بَيْنِهِمْ ۚ فَوَيْلٌ لِّلَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ مَّشْهَدِ يَوْمٍ عَظِيْمٍ ﴿۳۷﴾	اس کے باوجود اختلاف کرنے لگے نصاریٰ کے فرقے آپس میں، سو بڑی تباہی ہوگی ان لوگوں کے لیے جنہوں نے انکار کیا بڑے دن کی پیشی کے وقت ﴿۳۷﴾
38. (How well) they will hear and see on the Day they come to Us. But today the wrong doers are in error manifest.	اَسْمِعْ بِهِمْ وَاَبْصِرْ ۙ يَوْمَ يَاْتُوْنَنَا لٰكِنِ الظّٰلِمُوْنَ الْيَوْمَ فِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ﴿۳۸﴾	خوب سُن رہے ہوں گے وہ اور خوب دیکھ رہے ہوں گے اُس دن جب یہ حاضر ہوں گے ہمارے سامنے، لیکن یہ ظالم آج پڑے ہوئے ہیں کھلی گمراہی میں ﴿۳۸﴾
39. And (O Muhammad) warn them of the Day of anguish when the matter will be decided. And (now) they are in heedlessness, and they believe not.	وَاَنْذِرْهُمْ يَوْمَ الْحَسْرَةِ اِذْ قُضِيَ الْاَمْرُ ۘ وَهُمْ فِيْ غَفْلَةٍ وَّهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ ﴿۳۹﴾	اور ڈراؤ اُنہیں حسرت کے دن سے جب فیصلہ ہوجائے گا سارے معاملہ کا جبکہ آج یہ لوگ غفلت میں پڑے ہوئے ہیں اور ایمان نہیں لا رہے ہیں ﴿۳۹﴾
40. Indeed, it is We who will inherit the earth and whatever is upon it. And to Us they shall be returned.	اِنَّا نَحْنُ نَرِثُ الْاَرْضَ وَمَنْ عَلَيْهَا وَاِلَيْنَا يُرْجَعُوْنَ ﴿۴۰﴾	بے شک ہم ہی وارث ہوں گے زمین کے اور اُن کے جو (بستے ہیں) زمین پر اور ہماری طرف ہی اُنہیں لوٹایا جائے گا ﴿۴۰﴾
41. And mention in the Book, Abraham. Indeed, he was a man of truth, a prophet.	وَاذْكُرْ فِي الْكِتٰبِ اِبْرٰهِيْمَ ۘ اِنَّهٗ كَانَ صِدِّيْقًا نَّبِيًّا ﴿۴۱﴾	اور بیان کرو حال اس کتاب میں ابراہیمؑ کا اس طرح کہ وہ تھے بہت سچے انسان اور نبی ﴿۴۱﴾

42. When he said to his father: "O my father, why do you worship that which hears not and sees not, and cannot avail you in anything."	إِذْ قَالَ لِأَبِيهِ يَا أَبَتِ لِمَ تَعْبُدُ مَا لَا يَسْمَعُ وَلَا يُبْصِرُ وَلَا يُغْنِي عَنكَ شَيْئًا ﴿٤٢﴾	جب کہا تھا اُنھوں نے اپنے باپ سے، ابا جان! کیوں عبادت کرتے ہو تم ان چیزوں کی جو نہ سن سکتی ہیں اور نہ دیکھ سکتی ہیں اور نہ فائدہ پہنچا سکتی ہیں آپ کو ذرا بھی ﴿٤٢﴾
43. "O my father, indeed there has come to me of the knowledge that which has not come to you. So follow me, I will guide you to a straight path."	يَا أَبَتِ إِنِّي قَدْ جَاءَنِي مِنَ الْعِلْمِ مَا لَمْ يَأْتِكَ فَاتَّبِعْنِي أَهْدِكَ صِرَاطًا سَوِيًّا ﴿٤٣﴾	اے ابا جان: بے شک میرے پاس آیا ہے ایسا علم جو نہیں آیا تمہارے پاس سو پیروی کرو میری بتاؤں گا میں تمہیں راستہ، سیدھا ﴿٤٣﴾
44. "O my father, do not worship Satan. Indeed, Satan is disobedient to the Beneficent."	يَا أَبَتِ لَا تَعْبُدِ الشَّيْطَانَ ۖ إِنَّ الشَّيْطَانَ كَانَ لِلرَّحْمَٰنِ عَصِيًّا ﴿٤٤﴾	اے ابا جان: نہ بندگی کیجیے شیطان کی۔ بے شک شیطان ہے رحمٰن کا سخت نافرمان ﴿٤٤﴾
45. "O my father, indeed I fear that there would touch you a punishment from the Beneficent, so that you would become a companion of Satan."	يَا أَبَتِ إِنِّي أَخَافُ أَن يَمَسَّكَ عَذَابٌ مِّنَ الرَّحْمَٰنِ فَتَكُونَ لِلشَّيْطَانِ وَلِيًّا ﴿٤٥﴾	ابا جان: مجھے ڈر لگتا ہے کہ کہیں آ جائے تم پر عذاب رحمٰن کی طرف سے اور بن جاؤ تم شیطان کے ساتھی ﴿٤٥﴾
46. He (father) said: "Have you turned away from my gods, O Abraham. If you do not desist, I will surely stone you. And depart from me a long while."	قَالَ أَرَاغِبٌ أَنتَ عَنْ آلِهَتِي يَا إِبْرَاهِيمُ ۖ لَئِن لَّمْ تَنتَهِ لَأَرْجُمَنَّكَ وَاهْجُرْنِي مَلِيًّا ﴿٤٦﴾	باپ نے کہا: کیا پھر گئے ہو تم میرے معبودوں سے اے ابراہیمؑ! اگر نہ باز آؤ گے تم تو میں تمہیں سنگسار کر دوں گا اور چھوڑ دو تم مجھے ہمیشہ کے لیے ﴿٤٦﴾
47. He (Abraham) said: "Peace be upon you. I shall ask forgiveness of my Lord for you. Indeed, He is gracious to me."	قَالَ سَلَامٌ عَلَيْكَ ۖ سَأَسْتَغْفِرُ لَكَ رَبِّي ۖ إِنَّهُ كَانَ بِي حَفِيًّا ﴿٤٧﴾	ابراہیمؑ نے کہا: سلام ہو تم پر میں ضرور بخشش کی دعا کروں گا تمہارے لیے اپنے رب سے بے شک وہ ہے مجھ پر بڑا ہی مہربان ﴿٤٧﴾

48. "And I shall withdraw from you and what you call upon other than Allah. And I shall call upon my Lord. It may be that I shall not be unblest, in calling unto my Lord."	وَاَعْتَزِلُكُمْ وَمَا تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَاَدْعُوْا رَبِّيْ ۖ عَسٰٓى اَلَّآ اَكُوْنَ بِدُعَآءِ رَبِّيْ شَقِيًّا ﴿٤٨﴾	اور چھوڑتا ہوں میں تمہیں اور اُن کو بھی جن کو تم پکارتے ہو اللہ کے سوا اور پکاروں گا میں اپنے ہی رب کو، مجھے اُمید ہے کہ نہیں رہوں گا میں پکار کر اپنے رب کو نامراد ﴿٤٨﴾
49. So when he had withdrawn from them and that which they worshipped other than Allah, We gave him Isaac and Jacob. And each We made a prophet.	فَلَمَّا اعْتَزَلَهُمْ وَمَا يَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ۙ وَهَبْنَا لَهٗٓ اِسْحٰقَ وَيَعْقُوْبَ ۭ وَكُلًّا جَعَلْنَا نَبِيًّا ﴿٤٩﴾	پھر جب جُدا ہو گئے ابراہیمؑ اُن سے اور ان چیزوں سے بھی جن کو وہ پُوجتے تھے اللہ کے سوا، اور عطا کی ہم نے ابراہیمؑ کو اسحٰقؑ اور یعقوبؑ (جیسی اولاد) اور ہر ایک کو بنایا ہم نے نبی ﴿٤٩﴾
50. And We bestowed on them of Our mercy, and We made for them a sublime tongue (for telling) truth.	وَوَهَبْنَا لَهُمْ مِّنْ رَّحْمَتِنَا وَجَعَلْنَا لَهُمْ لِسَانَ صِدْقٍ عَلِيًّا ﴿٥٠﴾	اور نوازا ہم نے انہیں اپنی رحمت سے اور کیا ہم نے اِن کا ذکرِ جمیل، بلند ﴿٥٠﴾
51. And mention in the Book, Moses. Indeed, he was chosen, and he was a messenger, a prophet.	وَاذْكُرْ فِي الْكِتٰبِ مُوْسٰٓى ۡ اِنَّهٗ كَانَ مُخْلَصًا وَّكَانَ رَسُوْلًا نَّبِيًّا ﴿٥١﴾	اور ذکر کرو اس کتاب میں موسیٰؑ کا، بے شک وہ تھے ایک برگزیدہ شخص اور تھے وہ نبیٔ مُرسَل ﴿٥١﴾
52. And We called him from the right side of the mount, and We brought him near to confide in.	وَنَادَيْنٰهُ مِنْ جَانِبِ الطُّوْرِ الْاَيْمَنِ وَقَرَّبْنٰهُ نَجِيًّا ﴿٥٢﴾	اور آواز دی ہم نے اُسے طُور کی دائیں جانب سے اور ہم نے ان کو تقرب عطا کیا شرفِ ہمکلامی سے ﴿٥٢﴾
53. And We bestowed on him out of Our mercy his brother Aaron, a prophet.	وَوَهَبْنَا لَهٗ مِنْ رَّحْمَتِنَآ اَخَاهُ هٰرُوْنَ نَبِيًّا ﴿٥٣﴾	اور عطا کیا ہم نے اُسے اپنی رحمت سے (بطور مددگار) اس کا بھائی ہارونؑ، نبی بنا کر ﴿٥٣﴾
54. And mention in the Book, Ishmael. Indeed, he was true to his promise, and he was a messenger, a prophet.	وَاذْكُرْ فِي الْكِتٰبِ اِسْمٰعِيْلَ ۡ اِنَّهٗ كَانَ صَادِقَ الْوَعْدِ وَكَانَ رَسُوْلًا نَّبِيًّا ﴿٥٤﴾	اور ذکر کرو اس کتاب میں اسماعیلؑ کا بے شک وہ تھا وعدے کا سچّا اور تھا نبیٔ مرسل ﴿٥٤﴾

55. And he used to enjoin on his family prayers and charity, and he was pleasing to his Lord.	وَكَانَ يَأْمُرُ اَهْلَهٗ بِالصَّلٰوةِ وَالزَّكٰوةِ ۖ وَكَانَ عِنْدَ رَبِّهٖ مَرْضِيًّا ﴿٥٥﴾	اور دیا کرتا تھا حکم اپنے گھر والوں کو نماز اور زکوٰۃ کا اور تھا اپنے رب کے نزدیک پسندیدہ شخص ﴿٥٥﴾
56. And mention in the Book, Idris. Indeed, he was a man of truth, a prophet.	وَاذْكُرْ فِي الْكِتٰبِ اِدْرِيْسَ ز اِنَّهٗ كَانَ صِدِّيْقًا نَّبِيًّا ﴿٥٦﴾	اور ذکر کرو اس کتاب میں ادریسؑ کا ، بے شک وہ تھے راست باز انسان اور نبی ﴿٥٦﴾
57. And We raised him to high station.	وَّرَفَعْنٰهُ مَكَانًا عَلِيًّا ﴿٥٧﴾	اور اُٹھایا تھا ہم نے اُنہیں بلند مرتبہ پر ﴿٥٧﴾
58. Those were they upon whom Allah bestowed favor from among the prophets, of the offspring of Adam, and of those whom We carried (on the ship) with Noah, and of the offspring of Abraham and Israel, and from among those whom We guided and chose. When the revelations of the Beneficent were recited unto them, they fell down prostrating and weeping. AsSajda	اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ اَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ مِّنَ النَّبِيّٖنَ مِنْ ذُرِّيَّةِ اٰدَمَ ق وَمِمَّنْ حَمَلْنَا مَعَ نُوْحٍ ز وَّمِنْ ذُرِّيَّةِ اِبْرٰهِيْمَ وَاِسْرَآءِيْلَ ز وَمِمَّنْ هَدَيْنَا وَاجْتَبَيْنَا ۭ اِذَا تُتْلٰى عَلَيْهِمْ اٰيٰتُ الرَّحْمٰنِ خَرُّوْا سُجَّدًا وَّبُكِيًّا ﴿٥٨﴾ سجدة	یہ ہیں وہ لوگ کہ انعام فرمایا اللہ نے اُن پر انبیا میں سے جو اولاد تھے آدمؑ کی اور اُن کی جن کو سوار کیا تھا ہم نے نوحؑ کے ساتھ اور یہ نسل سے تھے ابراہیمؑ و اسرائیلؑ کی اور اُن لوگوں میں سے تھے جن کو ہم نے ہدایت بخشی اور برگزیدہ کیا۔ جب پڑھی جاتی تھیں اُن کے سامنے آیات رحمٰن کی تو گر پڑتے تھے سجدے میں روتے ہُوئے ﴿٥٨﴾ السجدہ
59. Then after them there followed a posterity, who have ruined the prayers and have followed lusts. So they shall meet with the doom.	فَخَلَفَ مِنْۢ بَعْدِهِمْ خَلْفٌ اَضَاعُوا الصَّلٰوةَ وَاتَّبَعُوا الشَّهَوٰتِ فَسَوْفَ يَلْقَوْنَ غَيًّا ﴿٥٩﴾	پھر جانشین ہُوئے اُن کے بعد ایسے ناخلف لوگ جنہوں نے ضائع کر دیا نماز کو اور پیروی کی خواہشاتِ نفس کی سو عنقریب دوچار ہوں گے وہ گمراہی (کے انجام) سے ﴿٥٩﴾
60. Except those who repent and believe and do righteousness. So such shall enter Paradise, and they shall not be wronged in the least.	اِلَّا مَنْ تَابَ وَاٰمَنَ وَعَمِلَ صَالِحًا فَاُولٰٓئِكَ يَدْخُلُوْنَ الْجَنَّةَ وَلَا يُظْلَمُوْنَ شَيْـًٔا ﴿٦٠﴾	البتہ جس نے توبہ کی اور ایمان لایا اور کیے اچھے اعمال سو ایسے لوگ داخل ہوں گے جنّتوں میں اور نہ حق تلفی ہوگی اُن کی ذرا بھی ﴿٦٠﴾


61. Gardens of Eden, which the Beneficent has promised to His slaves in the unseen. Indeed, His promise must come to pass.	جَنّٰتِ عَدْنِ ِالَّتِیْ وَعَدَ الرَّحْمٰنُ عِبَادَهٗ بِالْغَیْبِ ؕ اِنَّهٗ كَانَ وَعْدُهٗ مَاْتِیًّا ﴿۶۱﴾	سدا بہار جنّتوں میں جن کا وعدہ کیا ہے رحمٰن نے اپنے بندوں سے (ان کو) بن دیکھے۔ بے شک ہے اُس کا وعدہ پُورا ہو کر رہنے والا ﴿۶۱﴾
62. They shall not hear therein idle talk, except (greeting of) peace. And they will have therein their sustenance, morning and evening.	لَا یَسْمَعُوْنَ فِیْهَا لَغْوًا اِلَّا سَلٰمًا ؕ وَلَهُمْ رِزْقُهُمْ فِیْهَا بُكْرَةً وَّ عَشِیًّا ﴿۶۲﴾	نہیں سنیں گے وہ وہاں کوئی بے ہودہ بات مگر (سنیں گے) سلام اور ان کو ملے گا اُن کا رزق وہاں صبح و شام ﴿۶۲﴾
63. That is the Paradise which We give as an inheritance to those of Our slaves who are fearing (Allah).	تِلْكَ الْجَنَّةُ الَّتِیْ نُوْرِثُ مِنْ عِبَادِنَا مَنْ كَانَ تَقِیًّا ﴿۶۳﴾	یہ ہے وہ جنّت جس کا وارث بنائیں گے ہم اپنے بندوں میں سے اس شخص کو جو ہوگا پرہیزگار ﴿۶۳﴾
64. And We (angels) descend not except by the command of your Lord. To Him belongs what is before us and what is behind us and what is between those two, and your Lord is never forgetful.	وَمَا نَتَنَزَّلُ اِلَّا بِاَمْرِ رَبِّكَ ۚ لَهٗ مَا بَیْنَ اَیْدِیْنَا وَمَا خَلْفَنَا وَمَا بَیْنَ ذٰلِكَ ۚ وَمَا كَانَ رَبُّكَ نَسِیًّا ۚ ﴿۶۴﴾	اور (فرشتے نے کہا) نہیں اُترتے ہم مگر تیرے رب کے حُکم سے اُسی کا ہے جو کچھ ہمارے سامنے ہے اور جو کچھ ہمارے پیچھے ہے۔ اور جو کچھ اس کے درمیان ہے اور نہیں ہے تیرا رب بھولنے والا ﴿۶۴﴾
65. Lord of the heavens and the earth and whatever is between them. So worship Him, and be steadfast in His worship. Do you know (any of) same name as He.	رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَیْنَهُمَا فَاعْبُدْهُ وَ اصْطَبِرْ لِعِبَادَتِهٖ ؕ هَلْ تَعْلَمُ لَهٗ سَمِیًّا ﴿۶۵﴾	وہ رب ہے آسمانوں کا اور زمین کا اور ہر اُس چیز کا جو ان کے درمیان ہے سو عبادت کر اُسی کی اور ثابت قدم رہو اُس کی عبادت پر۔ کیا تم جانتے ہو کوئی ہستی جو اس کی ہم پایہ ہو؟ ﴿۶۵﴾
66. And man says: "When I am dead, shall I be brought forth alive."	وَیَقُوْلُ الْاِنْسَانُ ءَاِذَا مَا مِتُّ لَسَوْفَ اُخْرَجُ حَیًّا ﴿۶۶﴾	اور کہتا ہے انسان: کیا واقعی جب میں مر جاؤں گا تو ضرور پھر نکال لایا جاؤں گا زندہ کر کے؟ ﴿۶۶﴾
67. Does not man remember that We created him before, and he was not a thing.	اَوَلَا یَذْكُرُ الْاِنْسَانُ اَنَّا خَلَقْنٰهُ مِنْ قَبْلُ وَلَمْ یَكُ شَیْـًٔا ﴿۶۷﴾	کیا نہیں یاد انسان کو کہ یقیناً ہم نے ہی پیدا کیا ہے اُسے اس سے پہلے جبکہ نہ تھا وہ کچھ بھی ﴿۶۷﴾

68. So by your Lord, surely We shall gather them and the devils, then We shall bring them around Hell upon their knees.	فَوَرَبِّكَ لَنَحْشُرَنَّهُمْ وَالشَّيٰطِيْنَ ثُمَّ لَنُحْضِرَنَّهُمْ حَوْلَ جَهَنَّمَ جِثِيًّا ﴿٦٨﴾	پس قسم ہے تیرے رب کی ضرور گھیر کر لائیں گے ہم ان سب کو اور شیاطین کو بھی پھر ضرور حاضر کریں گے ہم اُنہیں جہنم کے گرد گھٹنوں کے بل گرے ہُوئے ﴿٦٨﴾
69. Then indeed, We shall drag out from every sect all those who were worst in rebellion against the Beneficent.	ثُمَّ لَنَنْزِعَنَّ مِنْ كُلِّ شِيْعَةٍ اَيُّهُمْ اَشَدُّ عَلَى الرَّحْمٰنِ عِتِيًّا ﴿٦٩﴾	پھر ضرور ہم چھانٹ لیں گے ہر گروہ میں سے کہ کون ہے اُن میں سے زیادہ سخت رحمٰن کے مقابل سرکشی میں ﴿٦٩﴾
70. Then certainly We know best of those who are most worthy of being burned therein.	ثُمَّ لَنَحْنُ اَعْلَمُ بِالَّذِيْنَ هُمْ اَوْلٰى بِهَا صِلِيًّا ﴿٧٠﴾	پھر یقیناً ہم ہی بہتر جانتے ہیں ان لوگوں کو جو اُن میں سے زیادہ مستحق ہیں جہنم میں ڈالے جانے کے ﴿٧٠﴾
71. And there is not one of you but will pass over it (Hell). That is upon your Lord, a decree which must be accomplished.	وَاِنْ مِّنْكُمْ اِلَّا وَارِدُهَا كَانَ عَلٰى رَبِّكَ حَتْمًا مَّقْضِيًّا ﴿٧١﴾	اور نہیں ہے تم میں سے کوئی شخص مگر وہ ضرور گزرے گا جہنم پر سے، ہے یہ بات تیرے رب کی طرف سے لازم اور طے شدہ ﴿٧١﴾
72. Then We shall save those who used to fear (Allah). And We shall leave the wrongdoers therein on their knees.	ثُمَّ نُنَجِّي الَّذِيْنَ اتَّقَوْا وَّنَذَرُ الظّٰلِمِيْنَ فِيْهَا جِثِيًّا ﴿٧٢﴾	پھر ہم بچالیں گے ان لوگوں کو جو متقی تھے اور چھوڑ دیں گے ظالموں کو اسی میں گرا ہُوا ﴿٧٢﴾
73. And when Our clear revelations are recited to them, those who disbelieve say to those who believe: "Which of the two groups has a better status and grander in assemblies."	وَاِذَا تُتْلٰى عَلَيْهِمْ اٰيٰتُنَا بَيِّنٰتٍ قَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَيُّ الْفَرِيْقَيْنِ خَيْرٌ مَّقَامًا وَّاَحْسَنُ نَدِيًّا ﴿٧٣﴾	اور جب تلاوت کی جاتی ہیں اُن کے سامنے ہماری آیات جو بہت واضح ہیں تو کہتے ہیں کافر لوگ ان لوگوں سے جو ایمان لے آئے کہ کون ہے دونوں گروہوں میں سے زیادہ بہتر مقام کے لحاظ سے اور بہتر ہے مجلسوں کے اعتبار سے؟ ﴿٧٣﴾
74. And how many a generation have We destroyed before them, who were better in wealth and (outward) appearance.	وَكَمْ اَهْلَكْنَا قَبْلَهُمْ مِّنْ قَرْنٍ هُمْ اَحْسَنُ اَثَاثًا وَّرِءْيًا ﴿٧٤﴾	حالانکہ کتنی ہی ہلاک کر چکے ہیں ہم اُن سے پہلے اُمتیں جو بہتر تھیں (ان سے) ساز و سامان اور شان و شوکت کے لحاظ سے ﴿٧٤﴾

75. Say: "Whoever is in error, the Beneficent will surely prolong span (of his life) for him, until when they behold that which they were promised, either a punishment (in this world), or the Hour (of Resurrection). Then they will know who it is, worst in position and weaker in forces."	قُلْ مَنْ كَانَ فِي الضَّلٰلَةِ فَلْيَمْدُدْ لَهُ الرَّحْمٰنُ مَدًّا ۚ حَتّٰٓى اِذَا رَاَوْا مَا يُوْعَدُوْنَ اِمَّا الْعَذَابَ وَاِمَّا السَّاعَةَ ۭ فَسَيَعْلَمُوْنَ مَنْ هُوَ شَرٌّ مَّكَانًا وَّاَضْعَفُ جُنْدًا ۝	ان سے کہیجیے : جو ہیں مبتلاگمراہی میں سو ڈھیل دیا کرتا ہے انہیں رحمٰن خوب ڈھیل، یہاں تک کہ جب وہ دیکھیں گے وہ چیز جس کا وعدہ کیا گیا ہے اِن سے یعنی عذاب اور یا قیامت ۔ تو ضرور جان لیں گے کہ کون ہے جو زیادہ بُرا ہے حالت کے لحاظ سے اور کمزور ہے کس کا لشکر؟ ۝
76. And Allah increases those who were guided, in guidance. And the enduring righteous deeds are better with your Lord for reward, and better for resort.	وَيَزِيْدُ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اهْتَدَوْا هُدًى ۭ وَالْبٰقِيٰتُ الصّٰلِحٰتُ خَيْرٌ عِنْدَ رَبِّكَ ثَوَابًا وَّخَيْرٌ مَّرَدًّا ۝	اور ترقی عطا کرتا ہے اللہ ان لوگوں کو جو راہِ راست اختیار کرتے ہیں ہدایت میں ۔ اور باقی رہ جانے والی نیکیاں ہی بہتر ہیں نزدیک تیرے رب کے جزا کے اعتبار سے اور بہتر ہیں انجام کے لحاظ سے ۝
77. Then, have you seen him who disbelieved in Our verses and he said: "Assuredly I shall be given wealth and children."	اَفَرَءَيْتَ الَّذِيْ كَفَرَ بِاٰيٰتِنَا وَقَالَ لَاُوْتَيَنَّ مَالًا وَّوَلَدًا ۝	بھلا کیا تم نے دیکھا اس شخص کو جس نے انکار کر دیا ہماری آیات کا اور کہا کہ ضرور نوازا جاؤں گا میں مال و اولاد سے ؟ ۝
78. Has he obtained knowledge of the unseen, or has he taken a covenant with the Beneficent.	اَطَّلَعَ الْغَيْبَ اَمِ اتَّخَذَ عِنْدَ الرَّحْمٰنِ عَهْدًا ۝	کیا پتہ چل گیا ہے اُس کو غیب کا یا لے رکھا ہے اُس نے رحمٰن سے کوئی عہد ؟ ۝
79. Nay, We shall record what he says and We shall increase for him a span of punishment.	كَلَّا ۭ سَنَكْتُبُ مَا يَقُوْلُ وَنَمُدُّ لَهٗ مِنَ الْعَذَابِ مَدًّا ۝	ہرگز نہیں ہم لکھ لیتے ہیں وہ بات جو یہ کہہ رہا ہے اور ہم بڑھاتے چلے جائیں گے اس کے لیے عذاب آہستہ آہستہ ۝
80. And We shall inherit from him what he talks, and he shall come to Us alone.	وَّنَرِثُهٗ مَا يَقُوْلُ وَيَاْتِيْنَا فَرْدًا ۝	اور مالک بن جائیں گے ہم ان سب چیزوں کے جن کا یہ ذکر کر رہا ہے اور یہ حاضر ہوگا ہمارے حضور اکیلا ۝

81. And they have taken besides Allah (false) gods that they may be a strength for them.	وَاتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ اٰلِهَةً لِّيَكُوْنُوْا لَهُمْ عِزًّا ﴿٨١﴾	اور بنا رکھے ہیں اُنھوں نے اللہ کے سوا کچھ خُدا تاکہ ہوں وہ اُن کے مددگار ﴿٨١﴾
82. Nay, they will deny their worship of them and will become opponents against them.	كَلَّا ۚ سَيَكْفُرُوْنَ بِعِبَادَتِهِمْ وَيَكُوْنُوْنَ عَلَيْهِمْ ضِدًّا ﴿٨٢﴾	ہرگز نہ ہوگا کوئی مددگار، ضرور انکار کر دیں گے وہ اُن کی عبادت کا اور بن جائیں گے وہ اُن کے مخالف ﴿٨٢﴾
83. Do you not see that We have sent the devils upon the disbelievers who incite them (with great) incitement.	اَلَمْ تَرَ اَنَّآ اَرْسَلْنَا الشَّيٰطِيْنَ عَلَى الْكٰفِرِيْنَ تَؤُزُّهُمْ اَزًّا ﴿٨٣﴾	کیا نہیں دیکھا تم نے کہ یقیناً ہم نے چھوڑ رکھے ہیں شیاطین کافروں پر جو اکساتے رہتے ہیں اُن کو (حق کی مخالفت پر) بہت زیادہ ﴿٨٣﴾
84. So make no haste over them. We only count out to them a (limited) number (of days).	فَلَا تَعْجَلْ عَلَيْهِمْ ۭ اِنَّمَا نَعُدُّ لَهُمْ عَدًّا ﴿٨٤﴾	پس مت جلدی کرو تم ان پر (عذاب کے لیے) درحقیقت شمار کر رہے ہیں ہم اُن کے لیے دنوں کی گنتی ﴿٨٤﴾
85. The day We shall gather the righteous to the Beneficent, like a delegate.	يَوْمَ نَحْشُرُ الْمُتَّقِيْنَ اِلَى الرَّحْمٰنِ وَفْدًا ﴿٨٥﴾	جس دن جمع کریں گے ہم متقیوں کو رحمٰن کے حضور مہمانوں کی طرح ﴿٨٥﴾
86. And We shall drive the criminals to Hell, like thirsty cattle.	وَّنَسُوْقُ الْمُجْرِمِيْنَ اِلٰى جَهَنَّمَ وِرْدًا ﴿٨٦﴾	اور ہانکیں گے ہم مجرموں کو جہنم کی طرف جیسے پیاسوں کو گھاٹ پر لایا جاتا ہے ﴿٨٦﴾
87. They will have no power of intercession, except him who has made a covenant with the Beneficent.	لَا يَمْلِكُوْنَ الشَّفَاعَةَ اِلَّا مَنِ اتَّخَذَ عِنْدَ الرَّحْمٰنِ عَهْدًا ﴿٨٧﴾	(اس وقت) نہ لا سکیں گے وہ کوئی سفارش سوائے اُن لوگوں کے کہ لے رکھی ہوگی اُنھوں نے رحمٰن سے اجازت ﴿٨٧﴾
88. And they say: "The Beneficent has taken a son."	وَقَالُوا اتَّخَذَ الرَّحْمٰنُ وَلَدًا ﴿٨٨﴾	اور کہتے ہیں کہ بنا لیا ہے رحمٰن نے کسی کو بیٹا ﴿٨٨﴾
89. Indeed, you have brought forth an atrocious thing.	لَقَدْ جِئْتُمْ شَيْـــًٔا اِدًّا ﴿٨٩﴾	درحقیقت گھڑ لائے ہو تم ایک بات سخت بے ہودہ ﴿٨٩﴾
90. The heavens are almost torn therefrom, and the earth is split asunder, and the mountains fall in ruins.	تَكَادُ السَّمٰوٰتُ يَتَفَطَّرْنَ مِنْهُ وَتَنْشَقُّ الْاَرْضُ وَتَخِرُّ الْجِبَالُ هَدًّا ﴿٩٠﴾	قریب ہے کہ آسمان پھٹ پڑیں اور شق ہو جائے زمین اور گر پڑیں پہاڑ پارہ پارہ ہو کر ﴿٩٠﴾

91. That they ascribe to the Beneficent a son.	اَنْ دَعَوْا لِلرَّحْمٰنِ وَلَدًا ﴿٩١﴾	اس بات پر کہ دعویٰ کیا ہے اُنھوں نے رحمٰن کے لیے اولاد ہونے کا ﴿٩١﴾
92. And it is not appropriate for (the Majesty of) the Beneficent that He should take a son.	وَمَا يَنْۢبَغِيْ لِلرَّحْمٰنِ اَنْ يَّتَّخِذَ وَلَدًا ﴿٩٢﴾	حالانکہ نہیں ہے یہ شان رحمٰن کی کہ وہ بنائے کسی کو بیٹا ﴿٩٢﴾
93. There is no one in the heavens and the earth but he shall come to the Beneficent as a slave.	اِنْ كُلُّ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ اِلَّآ اٰتِي الرَّحْمٰنِ عَبْدًا ﴿٩٣﴾	نہیں ہے کوئی جو ہے آسمانوں میں اور زمین میں مگر پیش ہونے والے ہیں وہ سب رحمٰن کے حضور عبد کی حیثیت سے ﴿٩٣﴾
94. Certainly, He encompasses them and has counted them a (full) counting.	لَقَدْ اَحْصٰىهُمْ وَعَدَّهُمْ عَدًّا ﴿٩٤﴾	یقیناً اس نے احاطہ کر رکھا ہے اُن کا اور شمار کر رکھا ہے اُنہیں گن گن کر ﴿٩٤﴾
95. And each one of them will come to Him on the Day of Resurrection, alone.	وَكُلُّهُمْ اٰتِيْهِ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ فَرْدًا ﴿٩٥﴾	اور ان میں سے ہر ایک حاضر ہوگا اس کے حضور قیامت کے دن اکیلا اکیلا ﴿٩٥﴾
96. Indeed, those who believe and do righteous deeds, the Beneficent will bestow love for them.	اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ سَيَجْعَلُ لَهُمُ الرَّحْمٰنُ وُدًّا ﴿٩٦﴾	یقیناً وہ لوگ جو ایمان لائے اور کیے اُنھوں نے نیک کام عنقریب پیدا کر دے گا ان کے لیے رحمٰن (دلوں میں) محبت ﴿٩٦﴾
97. So, We have only made this (Quran) easy in your tongue that you may give good tidings therewith to those who are righteous, and warn with it a contentious people.	فَاِنَّمَا يَسَّرْنٰهُ بِلِسَانِكَ لِتُبَشِّرَ بِهِ الْمُتَّقِيْنَ وَتُنْذِرَ بِهٖ قَوْمًا لُّدًّا ﴿٩٧﴾	درحقیقت یہ جو آسان کیا ہم نے قرآن کو تمہاری زبان میں (نازل کر کے) اس لیے کیا ہے تاکہ خوشخبری دو تم اس کے ذریعہ سے متقیوں کو اور ڈراؤ اس سے ہٹ دھرم لوگوں کو ﴿٩٧﴾
98. And how many of generations before them have We destroyed. Do you perceive any one of them, or you hear a whisper of them.	وَكَمْ اَهْلَكْنَا قَبْلَهُمْ مِّنْ قَرْنٍ ؕ هَلْ تُحِسُّ مِنْهُمْ مِّنْ اَحَدٍ اَوْ تَسْمَعُ لَهُمْ رِكْزًا ﴿٩٨﴾	اور کتنی ہی ہلاک کی ہیں ہم نے اُن سے پہلے اُمتیں۔ کیا پاتے ہو تم (نام و نشان) اُن میں سے کسی کا یا سُنتے ہو تم ان کے بارے میں کوئی بھنک ﴿٩٨﴾



Taaha

In the name of Allah, Most Gracious, Most Merciful

1. Ta. Ha.	طٰهٰ ۝١
2. We have not sent down to you (Muhammad) the Quran that you should be distressed.	مَآ اَنْزَلْنَا عَلَيْكَ الْقُرْاٰنَ لِتَشْقٰٓى ۝٢
3. But as a reminder for those who fear (Allah).	اِلَّا تَذْكِرَةً لِّمَنْ يَّخْشٰى ۝٣
4. A revelation from Him who created the earth and the high heavens.	تَنْزِيْلًا مِّمَّنْ خَلَقَ الْاَرْضَ وَالسَّمٰوٰتِ الْعُلٰى ۝٤
5. The Beneficent, (He is) on the Throne, established.	اَلرَّحْمٰنُ عَلَى الْعَرْشِ اسْتَوٰى ۝٥
6. To Him belongs whatever is in the heavens, and whatever is on the earth, and whatever is between them, and whatever is beneath the soil.	لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا وَمَا تَحْتَ الثَّرٰى ۝٦
7. And if you speak out aloud, then indeed He knows the secret and (what is yet) more hidden.	وَاِنْ تَجْهَرْ بِالْقَوْلِ فَاِنَّهٗ يَعْلَمُ السِّرَّ وَاَخْفَى ۝٧

طٰہٰ ۝١
نہیں نازل کیا ہم نے تم پر (اے نبیؐ)
یہ قرآن کہ تم مشقت میں پڑ جاؤ ۝٢
بلکہ یہ تو یاددہانی ہے ہر اس شخص کے لیے جو ڈرے (اللہ سے) ۝٣
نازل کیا جا رہا ہے اس ذات کی طرف سے جس نے پیدا کیا ہے
زمین کو اور بلند آسمانوں کو ۝٤
وہ رحمٰن (کائنات کے) تختِ سلطنت پر جلوہ فرما ہے ۝٥
اسی کی مِلک ہے جو کچھ ہے آسمانوں میں اور جو کچھ ہے زمین میں
اور جو کچھ ہے ان دونوں کے درمیان اور جو کچھ
نیچے ہے مٹی کے ۝٦
اور خواہ تم پکار کر کہو اپنی بات (یا ....) سو وہ تو جانتا ہے
چپکے سے کہی ہوئی بات بھی اور اس سے زیادہ چھپی ہوئی بھی ۝٧

